جناب محترم ڈاکٹر پروفیسر محمد طفیل ہاشمی صاحب چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے جامعہ سلفیہ کے بارے میں تاثرات

آج بتاریخ ۱۳ فروری ۱۹۹۱ء میں جامعہ سلفیہ میں حاضر ہوا۔ جامعہ کے نظم و نسق، تعلیمی معیار، اساتذہ اور طلبہ کی علمی استعداد اور جامعہ کی لائبریری سے میں بہت متاثر ہوا ہوں۔ سب سے بڑھ کر مجھے اس بات پر مسرت ہوئی کہ جامعہ کے ارباب حل و عقد عہد حاضر کے تقاضوں سے نہ صرف کماحقہ آگاہی رکھتے ہیں بلکہ موجودہ دور کے چیلنج سے عہدہ برآ ہونے کے عزائم اور پروگرام کے بھی حامل ہیں۔ جامعہ میں کتاب و سنت کی تدریس کے ساتھ ساتھ معاشی، معاشرتی اور سیاسی افکار و علوم کی بھی تدریس ہوتی ہے۔ یہاں سے طلبہ ملک کی مختلف سرکاری جامعات میں جاتے ہیں۔ اور اعزاز سے امتحانات پاس کرتے ہیں۔ اور اسلام کی مؤثر نمائندگی کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جامعہ کی خدمت کو شرف قبولیت سے نوازے اور دن دوگنی رات چوگنی ترقی سے سرفراز فرمائے۔ آمین

ڈاکٹر پروفیسر محمد طفیل ہاشمی
چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی
اسلام آباد